پریس ریلیز

گوجرانوالہ 23 جنوری 2024ء

شیخ عیسٰی سپریم اسلامک لیڈر اینڈ پریذیڈنٹ اسلامک کونسل انچارج مسجد اینڈ مدرسہ آف گیمبیا نے کہا کہ بحیثیت مسلمان ہمیں قرآن کی تعلیمات خصوصاً غیر مسلم ممالک میں فروغ دینے کی ضرورت ہے۔انہوں نے بتایا کہ ہم افریقی ممالک اور ایشائی ممالک میں اسلام پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں الحمداللہ اس میں بڑی کامیابی ہو رہی ہے۔لیکن ہمیں اسلام کو پھیلانے کیلئے بڑی محنت کی ضرورت ہے۔اس کے علاوہ فیکٹریوں اور کارخانوں میں کام کرنے والے ورکرز کو بھی فروغ قران کی ضرورت ہے۔تجارتی مراکز میں بھی ایسے افراد ہیں جو کسی وجہ سے قرآن کی تعلیم حاصل نہیں کر پائے یا جنہوں نے پڑھا ہے لیکن تلاوت میں غلطیاں ہوتی ہیں انہیں بھی قرآن کو دوبارہ سے پڑھا کر غلطیاں درست کرانے کی ضرورت ہے اس حوالے سے فیکٹری مالکان اپنا کردار ادا کریں۔ان خیالات کا اظہار گوجرانوالہ چیمبر کے اراکین سے خطاب کے دوران کیا۔جبکہ اجلاس کی صدارت چیمبر کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے کی۔اس موقع پر اراکین مجلس عاملہ،سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل جبکہ گیمبیا سے شیخ طاؤرے محمد لامن چیئر مین علماء بورڈ ویسٹ افریقہ،ابوبکر ریلیجئس اسکالر کے علاوہ دیگر کاروباری شخصیات بھی موجود تھیں۔

وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے گیمبیا کے وفد کی کاوشوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اسلام اور قرآن کے فروغ کیلئے جو کردار ادا کیا جا رہا ہے بلاشبہ قابل بہت بڑی نیکی ہے۔دوران میٹنگ قرآن پاک کو درست پڑھنے کیلئے فیکٹری کارخانوں کے ورکرز کیلئے سہولت کی بات کہی گئی ہے بہت اچھا قدم ہے اس سے وہ افراد جو عمر کے کسی بھی حصہ میں ہیں کو قرآن کی تعلیم حاصل کر پائیں گے جس کا دنیا اور آخرت میں بھی فائدہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری زندگی اور آخرت کی بہتری دین اسلام میں ہی ہے۔انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ اسلام اور قرآن کی تعلیم غیر مسلم ممالک میں پھیلے کیلئے گوجرانوالہ چیمبر کا ہر ممبر ہر طرح کا تعاون کرنے کو تیار ہے۔